





# مثبت رویہ مداخلتیں اور حمایت

## درجہ 2

والدین کی رہنما خطوط

محصولاتی اجتمائی اسکول ڈسٹرکٹ 93
ایلسی سی جانسن ایلیمنٹری اسکول

مثبت رویہ مداخلتیں اور حمایت درجہ 2
ٹیم کے ارکان

*جولی ٹوبن*
پرنسپل

*روزان سیکیچ*
اسسٹنٹ پرنسپل

*جولی آگسٹین*
روک تھام کوآرڈینیٹر

*عائمہ بیگ*
اندرونی کوچ/ای ایس ایل ٹیچر

*ایملی باس*
اندرونی کوچ/سماجی کارکن

*مارین ٹریل*
ماہرین معاون کار

*کرسٹن بیرینشوٹ*
وسائل کنسلٹنٹ

**ایلسی سی جانسن**
**ایلیمنٹری اسکول**


1380 Nautilus Lane
Hanover Park, IL 60133
(630) 671-8800
www.ccsd93.com :دورہ کریں


## والدین کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

*مثبت اور حوصلہ افزا رہیں!

*ہر دن اپنے بچے کی پوائینٹ شیٹ کا جائزہ کریں اور اس پر دستخط کریں

*اگر آپ کے بچے نے اپنے اہداف کو پورا کر لیا ہو تو اسکی تعریف کریں اور اسکی کوششوں کو تسلیم کریں۔

*اگر آپ کے بچے نے اپنے اہداف کو پورا نہیں کیا تو:

-حوصلہ افزائی کریں—انہیں بتائیں کہ آپ کو یقین ہے کہ وہ اگلے دن بہتر کر سکتے ہیں۔

-انہیں بہتر انتخابات کرنا یاد دلائیں۔

*یاد رکھیں...ہم فضیلت کی تلاش نہیں کر رہے ہیں۔ اگر انہوں نے اپنے اہداف پورے کر لیے ہیں (80٪) تو وہ کامیاب ہیں۔

*بہتری سے آگاہ رہیں اور اپنے بچے کے ساتھ اسکا اشتراک کریں۔



## مثبت رویہ مداخلتیں اور حمایت کو سمجھنا



مثبت رویہ مداخلتیں اور حمایت (PBIS) ایک فعال نظام ہے، جو تمام طلبہ کو سماجی، جذباتی اور تعلیمی کامیابی حاصل کرنے کے لیے رویہ کی حمایت اور سماجی ثقافت فراہم کرتا ہے۔ PBIS کے ذریعے، عملہ تمام طلبہ کو مختلف مداخلتیں اور حمایتیں فراہم کرتے ہیں۔

دائیں طرف کی تصویر میں، پرامڈ کا نچلا حصہ ہماری آفاقی مداخلتیں دکھاتا ہے، جو ہمارے 100٪ طلبہ حاصل کرتے ہیں۔ آفاقی مداخلتوں کے ساتھ تقریبا 80٪ طلبہ تعلیمی اور رویہ جاتی لحاظ سے کامیاب ہونگے۔

ایسے مواقع ہونگے جب ایک طالب علم کو مزید حمایت کی ضرورت ہوگی۔ یہ پرامڈ کے درمیانی حصے میں دکھایا جاتا ہے، یا پھر ہماری درجہ 2 کی مداخلتیں۔ جیسے انکی ضروریات تبدیل ہوتی ہیں، طلبہ مختلف اوقات پر اس درجہ کے اندر یا باہر ہو سکتے ہیں۔ درجہ 2 کی مداخلتوں میں شامل ہیں چیک ان، چیک آؤٹ (CICO)، سماجی/تعلیمی تدریسی گروپ، اور انفرادی CICO۔




## چیک ان/چیک آؤٹ (CICO)

- درجہ 2 مداخلتوں کا پہلا قدم
- طلبہ اسکول میں بالغوں کے ساتھ مثبت تعلقات قائم کرتے ہیں
- طلبہ دن کی شروعات اور اختتام پر ایک عملے کے رکن کے ساتھ (انکی کلاس روم ٹیچر کے علاوہ) "چیک ان اور آؤٹ" کرتے ہیں
- طلبہ دن بھر مثبت، اصلاحی رائے حاصل کرتے ہیں
- طلبہ کی پیش رفت کا ایک روزانہ کی پیش رفت رپورٹ (DPR) پر معائنہ کیا جاتا ہے
- DPR کو دستخط کے لیے گھر بھیجا جاتا ہے
- CICO کا عمل تمام ملوث طلبہ کے لیے یکساں ہوتا ہے
- طلبہ کوئی بھی تدریسی وقت سے مہروم نہیں ہوتے ہیں

## سماجی/تعلیمی تدریسی گروپ (SAIG)

- عموما CICO مداخلت کے ساتھ دی جاتی ہے
- طلبہ گروپ میں ہفتاوارانہ طور پر ایک عملے کے رکن سے ملاقات کرتے ہیں
- طلبہ کو براہ راست تدریس حاصل ہوتی ہے اور وہ مثبت رویہ کی تبدیلی آزماتے ہیں
    - تین قسم کے مہارت-بنانے والے گروپ:
        1. سماج حامی صلاحیتیں
        2. مسائل حل کرنے کی صلاحیتیں
        3. تعلیمی رویہ کی صلاحیتیں
- پیش رفت کو اب بھی DPR پر مانٹر کیا جاتا ہے

## انفرادی CICO

- مندرجہ ذیل میں سے ایک یا اس سے زیادہ تبدیلیوں کے ساتھ CICO:
    - چیک ان/آؤٹ کا مقام
    - اضافی حمایت اور حوصلہ افزائی کے لیے دن بھر میں زیادہ کثرت سے "چیک ان"
    - دن کے مشکل وقت (دوپہر کا کھانا، مخصوص) سے پہلے اضافی "چیک ان" مقرر کرنا
    - DPR پر مشخص اہداف
    - طلبہ دن بھر مثبت، اصلاحی رائے حاصل کرتے ہیں
    - ہم مرتبہ سرپرست